عالم شاہ نے محبت سے چور لہجے میں کہا اور پھر بیک ویو مرر سے پیچھے بیٹھی آیت کو دیکھا جو سنجیدگی سے ونڈو کے پار دیکھ رہی تھی۔ صبح جب وہ روم سے باہر ائی تھی تو اُس کی سوجی آنکھیں دیکھ کر عروش نے بہت سوال کیے تھے جن کے جواب میں اُس نے بس اتنا کہا تھا کہ نئی جگہ ہونے کی وجہ سے وہ سہی سے نیند نہیں لے سکی تو عالم شاہ نے اُسے تنگ کرتے ہوئے کہا تھا کے پکا اسی وجہ سے نیند نہیں ائی نہ۔۔۔تو اُس کی آنکھوں میں پھر سے آنسو بھرتے دیکھ عالم شاہ نے بات بدل دی تھی۔ صبح سے ہی اُس کی طبیعت کافی خراب ہو رہی تھی۔ سر میں درد سا تھا اور جسم بھی تکلیفوں سے چور چور تھا۔ بات بات پر رونا آ رہا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عالم شاہ نے اُسے ڈاکٹر کے پاس لے جانے کی بات کی تو اُس نے انکار کر دیا کے وہ بس جلدی سے حویلی پہنچنا چاہتی ہے۔ عالم شاہ بھی اُس کی طبیعت کے پیش نظر خاموش ہو گیا۔

پھر وہ لوگ جب گاڑی کے قریب آئے تو اُس نے کہا کے وہ پیچھے بیٹھے گی تو عروش ہی آگے بیٹھ گئی تھی۔

عالم نے گاڑی حویلی کے پورچ میں روکی تو وہ دونوں جلدی سے اندر بھاگ گئیں۔
عالم شاہ بھی ملازمہ کو گاڑی سے سامان نکال کر اندر لانے کا حکم دیتا اندر کی طرف بڑھا۔

بی جان اس وقت صوفے پر بیٹھیں تسبیح پڑھ رہی تھیں اور صبح جب سے عالم نے نائلہ اور سمن شاہ کو بتایا تھا کے وہ لوگ آ رہے ہیں تو وہ دونوں تب سے کچن میں اُن کے لیے اپنے ہاتھوں سے کھانا بنا رہی تھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ دونوں بھاگ کر بی جان کے گلے لگیں تو اُنھوں نے دونوں کو پیار کیا اور اپنے پاس بٹھا لیا۔ تبھی عالم شاہ بھی آکر اُن سے ملا اور دوسرے صوفے پر ٹک گیا وہ اس وقت سیاہ شلوار قمیص میں ملبوس تھا ساتھ شانوں پر بدامی شال اوڑھ رکھی تھی۔وہ آج پہلے کی نسبت زیادہ نکھرا ہوا لگ رہا تھا بی جان نے بے ساختہ ماشاللہ کہا کے اسے اُن کی نظر ہی نہ لگ جائے۔

"بی جان ماما جان اور تائی جان کہاں ہیں؟"

آیت نے پوچھّا تو بی جان نے کچن کی طرف اشارہ کیا۔ ابھی وہ اٹھ کر کچن کی طرف بڑھ ہی رہی تھی کے وہ دونوں مسکراتی ہوئی ان کے پاس آئیں اور باری باری تینوں کو پیار کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آیت تو نائلہ شاہ کے گلے لگتے ہی رونے لگی۔ کیا کرتی دکھ تھا کے ختم ہی نہیں ہو رہا تھا ماں کا لمس ملتے ہی وہ اپنا غم ہلکا کرنے لگی۔ سمن شاہ، عروش اور بی جان بھی تیزی سے اُس کی جانب بڑھیں۔عالم شاہ بھی اُس کی طرف متوجہ ہوا کیونکہ وہ رو رو کر اب بلکل بیہوش ہونے والی ہو گئی تھی۔

"آیت کیا ہو گیا ہے تمہیں میری جان کیوں روئے جا رہی ہو بتاؤ تو سہی میرا بچا"

،نائلہ شاہ اسکی پیٹھ سہلاتی بولیں۔ جبکہ عروش بھاگ کر اُس کے لیے پانی لائی ابھی سمن شاہ نے گلاس اُس کے لبوں سے لگایا ہی تھا کے وہ ہوش و حواس کھوتی نائلہ شاہ کی باہوں میں جھول گئی۔ عالم شاہ نے اُسے بیہوش ہوتا دیکھ آگے بڑھ کر اسے نائلہ شاہ سے لیا اور اپنی بانہوں میں اٹھا کر اوپر کی جانب بڑھا۔ وہ سب بھی اُس کے پیچھے بھاگیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عالم شاہ نے اُس کے کمرے میں آ کر اُسے بیڈ پر لٹایا اور اُس پر کمبل ڈال کر پیچھے ہوا۔

میں ڈرائیور کو بھیجتا ہوں ڈاکٹر کو بلانے آپ لوگ پریشان نا ہوں یونہی کمزوری کی" "وجہ سے بیہوش ہو گئی ہوگی

وہ اُنہیں تسلی دیتا نیچے چلا گیا۔

نائلہ شاہ آیت کی طرف دیکھ کر پریشانی سے اُس کے پاس جا بیٹھیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"پتہ نہیں کس کی نظر لگ گئی ہے میری بچی کو کچھ دن پہلے تو ٹھیک ٹھاک تھی"

نائلہ شاہ اُس کے ہاتھ سہلاتی بولیں۔

مجھے تو لگتا ہے اسے اپچ بی کی کمی ہو گئی ہے، ڈھنگ سے کھانا تو کھاتی ہے نہیں" ۔۔اسی لیے کمزوری کی وجہ سے کچھ دونوں سے روئے جا رہی ہے عالم سے کہتی ہوں

ڈاکٹر سے اس کی ایچ بی چیک کروائے۔۔۔کیسا کھلتا ہوا گلاب تھی اور اب دیکھو مرجھا گئی ہے"

سمن شاہ بھی فکر سے بولیں۔

عالم کمرے میں داخل ہوا اور اُن اب کو باہر جانے کا اشارہ کیا کیونکہ قریبی ڈاکٹر پہنچ چکا تھا۔ وہ سب باہر نکلیں تو عالم نے اگے بڑھ کے اُس کا چہرہ بھی کمبل سے چھپا دیا۔ پھر ڈاکٹر کو اندر بلایا۔ڈاکٹر نے آکر اُس کی نبض چیک کی پھر عالم کی طرف دیکھا اور پھر اُسے صحیح سے چیک کرنے کے بعد عالم سے مخاطب ہوئے۔

"مسٹر عالم شاہ انہیں اور کچھ نہیں ہے بس کوئی پریشانی لی ہی انہوں نے آپ بس انہیں پریشانیوں سے دور رکھیں اور اُنہیں کافی کمزوری بھی ہے تو کھانے پینے کا

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

خیال رکھیں میں بس ایک ڈرپ لکھ دیتا ہوں آپ وہ منگواکر میرے ہاسپٹل آکر

"لگوا لیجئے گا اُس سے اُنہیں طاقت ملے گی ، بس اور کسی دوا کی ضرورت نہیں ہے

ڈاکٹر نے عالم شاہ کو سہولت سے سمجھایا اور ایک پیپر پر ڈرپ کا نام لکھ کے باہر کی جانب چلے گئے۔ عالم شاہ اپنی وجہ سے اُس کی یہ حالت دیکھ کر تھوڑا فکرمند ہوا جو چاہے اُس o لیکن پھر یہ سوچ کے مطمئین ہوگیا کے وہ اس کی بیوی ہے و کے ساتھ کر سکتا ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

❤❤❤

آج صبح سے ہی عالم کو کچھ ضروری کام تھے اور شام میں اسے اسلاماباد کے لیے بھی نکلنا تھا۔ آیت کو رات کو ہوش آیا تھا لیکن عالم شاہ اُس کے سامنے نہیں گیا تھا۔ نائلہ شاہ تو اب اسی کے کمرے میں شفٹ ہو گئی تھیں کیونکہ رات کو وہ بہت ڈر گئی تھی۔ عالم سب عورتوں سے کہہ کر گیا تھا کے کچھ دیر تک وہ واپس آ کر آیت کو ہسپتال ڈرپ لگوانے لے جائے گا۔

تب سے وہ چاروں اُسے سمجھانے میں لگی تھیں۔ لیکن اسے بچپن سے انجکشن وغیرا سے بہت ڈر لگتا تھا۔ اب بھی وہ اپنی زد پر اٹکی تھی کے وہ اچھے سے کھائے پیئے گی تو خود ہی ٹھیک ہو جائے گی لیکن وہ ڈرپ نہیں لگوائے گی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آیت بیٹا کچھ بھی نہیں ہوتا باریک سے سوئی ہوتی ہے چندہ آپ کو پتہ بھی نہیں "

"چلنا اور برنولہ لگ بھی جانا ہے

سمن شاہ نے اُسے پیار سے بہلاتے ہوئے کہا۔ لیکن اُس نے ایک ہی رٹ لگائی

تھی کہ نہیں تو بس نہیں۔

اوکے ماما آپ لوگ اسے کچھ مت کہیں لالہ کو آلینے دیں ذرا وہ خود اس کا دماغ"

"ٹھکانے لگائیں گے

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

عروش نے تنگ آکر کہا تو آیت پھر سے بی جان کی گود میں منہ چھپا گئی۔

"بی جان پلیز آپ اُنہیں روکیں گی نا"

آیت نے بے بسی اور معصومیت سے کہا تو بی جان نے اُس کے بالوں پر پیار کیا۔

بیٹا ایک ڈرپ ہی ہے نہ کچھ نہیں ہوتا لگوا لو۔ آپ کے فائدے کے لیے ہی لگوا" رہے ہیں۔۔۔ حالت دیکھو ذرا اپنی کتنی کمزور ہو گئی ہو بستر سے تو اٹھا نہیں جا رہا "تم سے

بی جان نے بھی اُسے ہی سمجھایا تو وہ پھر سے دکھی ہو گئی۔

"بیگم صاحبہ عالم صاحب آ گئے ہیں اور وہ پورچ میں آیت بی بی کو بلا رہے تھے"

ملازمہ نے آکر پیغام دیا تو آیت کو لگا کے اب اُس کا بچنا ممکن نہیں ہے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آیت اٹھو چادر لو اور جاؤ میری جان عالم انتظار کر رہا ہوگا پھر یونہی غُصّہ ہو جائے" "گا

نائلہ شاہ نے کہتے ساتھ ہی اُسے سہارا دے کر اٹھایا۔ جبکہ سمن شاہ نے اُس کی الماری سے سیاہ کڑھائی والی چادر نکال کر اسے اچھے سے آیت کے گرد لپیٹ دیا۔

آیت بھی آنسو پیتی نیچے کی طرف بڑھ گئی۔

گاڑی کے پاس آکر نائلہ شاہ نے اُسے فرنٹ سیٹ پر عالم کے ساتھ بیٹھایا اور خود واپس مڑ گئیں۔

عالم نے بھی خاموشی سے گاڑی سٹارٹ کی اور حویلی کا گیٹ پار کر گیا۔ہسپتال حویلی سے صرف پندرہ منٹ کی دوری پر ہی تھا۔

سارا رستہ آیت خاموشی سے آنسو بہاتی رہی---عالم بھی اُسے ایگنور کرتا رہا کیونکہ اگر وہ زیادہ توجہ دیتا تو پھر وہ مزید زدی ہو جاتی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ور اُس کی I عالم نے گاڑی ہسپتال کے باہر روکی۔ پھر اُس کی جانب رخ کیا آنسوؤں سے بھری آنکھیں پوچھیں۔

خوف کی وجہ سے آیت کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ عالم شاہ اپنی طرف کا دروازہ کھول کر باہر نکلا پھر اُس کی طرف کا دروازہ کھول کر اُس کی کمر میں ہاتھ ڈالا اور اُسے سہارا دے کر باہر نکالا۔ آیت خاموشی سے اُس کے ساتھ چلنے لگی۔

جیسے ہی ڈاکٹر کو پتہ چلا عالم شاہ آیا ہے تو اُنھوں نے فوراً اُسے اپنے روم میں بلایا۔ اُس سے آیت کا حال چال پوچھا۔ پھر آگے بڑھ کر پیکٹ سے سرنج نکالنے لگا تو آیت کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو بہنے لگے اُس نے بے ساختہ عالم کا بازو سختی سے پکڑ لیا۔ عالم نے اُس کی حالت دیکھی پھر اُسے اپنے ساتھ لگا لیا۔۔۔ کچھ دیر یونہی اُسے اپنے سینے سے لگائے بیٹھا رہا جب اُسے محسوس ہوا کے آیت O و خاموش ہو چکی ہے تو اُس نے نرمی سے آیت کو خود سے الگ کیا۔ اور کب سے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

انتظار کرتے ڈاکٹر کو آگے انے کا اشارہ کیا تو آیت نے شکوہ کناں نظروں سے اُسے دیکھا۔ عالم اُسے نظرانداز کرتا اُس کا ہاتھ تھام کر ڈاکٹر کو پکڑا گیا۔

جبکہ آیت اب آنکھیں بھینچے کانپ رہی تھی۔۔۔ڈاکٹر نے جلدی سے وینز ڈھونڈ کر سرنج لگائی اور پھر خون روکنے کے لیے کاٹن اُس کے ہاتھ پر دبائی۔۔۔آیت کو تکلیف ہوئی تھی۔ لیکن وہ آنکھیں بند کئے بیٹھی رہی۔ جب ڈاکٹر نے برنولہ لگا لیا تو عالم شاہ نے اُس کا ہاتھ تھاما۔ آیت نے آنکھیں کھول کر اپنا ہاتھ دیکھا پھر زور سے ہاتھ کھینچ کر عالم شاہ کے ہاتھ سے نکالا اور کرسی سے اٹھ کھڑی ہوئی عالم بھی ڈاکٹر کو خدا حافظ بول کر باہر نکلا۔

واپسی کا سفر بھی خاموشی سے گزرا بس اب آیت رو نہیں رہی تھی خاموش تھی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

عالم شاہ نے حویلی پہنچ کر اُسے اُس کے کمرے میں لٹایا اور خود ڈرپ اسٹینڈ منگوا کر بیڈ کے پاس رکھا۔ عالم شاہ نے خود ہی اُسے ڈرپ لگائی اور ڈرپ کی سپیڈ درست کرتے ہوئے اُس کی طرف دیکھا جو ایک ہاتھ تکیہ پر رکھے سر نائلہ شاہ کی گود میں رکھے آنکھیں موندے لیٹی تھی۔ عالم نے ایک آخری نظر اُس پر ڈالی پھر سمن شاہ سے مخاطب ہوا۔

جب ڈرپ ختم ہو جائے تو آپ خود اُتار لیجئے گا۔۔۔۔میں نے ارحم (عالم کا خاص ملازم) سے کہہ کر اپنی پیکنگ کروا لے تھی اب میں بس اسلاآباد کے لیے نکلوں گا۔۔۔۔۔اور ڈاکٹر کو میں کل کال کر دوں گا وہ بینولہ اتارنے حویلی آ جائیں گے

"آپ لوگ پردہ کر کے اس کے پاس بیٹھ جائیے گا

عالم شاہ نے سنجیدگی سے اُن سب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا اور سب سے مل کر باہر بڑھ گیا۔کیونکہ اُس کی فلائٹ کا وقت ہونے ہی والا تھا۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

♥♥♥

آج شاہ حویلی میں ایک جشن کا سماں تھا کیونکہ آج عالم شاہ ایلیکشن جیت چکا کچھ ہی دیر میں حویلی پہنچنے والا تھا۔ سمن شاہ اور نائلہ شاہ نے تو خوشی o تھا۔۔ و سے شکرانے کے نفل بھی ادا کیے تھے۔ پھر کچھ دنوں میں یہ رونق بھی کم ہو گئی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آخر دو تین دنوں بعد عالم شاہ کی مصروفیات ختم ہوئیں اور اُس نے دوبارہ سے آفیس پر دھیان دینا شروع کر دیا۔ حویلی میں بھی اب پر سکون ماحول تھا۔ بس آیت ہی تھی جس کے دماغ پر ابھی بھی وہی رات سوار تھی اب اُس کی طبیعت

بھی قدرے بہتر ہو گئی تھی۔۔۔اُسے عالم شاہ کی جیت سے خوشی تو ہوئی لیکن اُس نے اپنے دل کو خاموش کروا دیا تھا۔

ابھی رات کے نو بج رہے تھے اور وہ سب ڈنر کے بعد لاؤنج میں بیٹھے قہوہ پی رہے تھے۔ تبھی بی جان کے ذہن میں ایک خیال آیا تو اُنھوں نے خاموش بیٹھی آیت کی طرف دیکھا۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

آیت ، عروش بیٹا تم دونوں جاؤ جا کر سو جاؤ صبح نماز بھی پڑھنی ہے ، جلدی سو گی" "تو نیند کھلے گی صبح جاؤ شاباش

بی جان نے اُن دونوں سے کہا تو عروش جسے مشکل سے ماں کا سیل دستیاب ہوا تھا اور ابھی اُس نے انسٹاگرام آن کیا ہی تھا کے بی جان کی بات پر منہ بنا کر رہ گئی۔

بی جان صرف ہم دونوں نے تو نماز نہیں پڑھنی نا وہ تو آپ لوگوں نے بھی پڑھنی "ہے تو آپ لوگ بھی سو جائیں"

عروش سیل سمن شاہ کو تھماتی ہوئی بولی تو بی جان نے اُسے ایک گھوری سے نوازا اور سمن شاہ نے اُس کے کندھے پر ایک چپت لگائی تو وہ بھی آیت کے پیچھے بھاگ گئی۔

بی جان نے ایک ہنکارا بھرا اور اُن سب کی طرف متوجہ ہوئیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میں سوچ رہی ہوں اب عالم کا الیکشن بھی ہو گیا ہے تو اب ہمیں آیت کی "رخصتی کے بارے میں سوچنا چاہیے---عالم تم کیا چاہتے ہو

بی جان نے عالم کو مخاطب کیا تو اُس نے بھی اثبات میں سے ہلایا۔

جی بی جان میں بھی آپ سے یہی بات کرنا چاہ رہا تھا---اب آپ نے کہہ دیا" "ہے تو مجھے بھی کوئی اعتراض نہیں ہے---آپ لوگ تیاریاں شروع کر دیں

عالم شاہ کی بات پر نائلہ شاہ کی آنکھیں بھر آگئیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"لیکن آیت ابھی ٹھیک نہیں ہے"

اُنھوں نے بے بسی سے بات بنائی تو عالم شاہ اُن کی تکلیف سمجھتا ان کے پاس آیا اور اُنہیں خود سے لگا گیا۔

چچی آپ کیوں پریشان ہو رہی ہیں۔۔۔۔بس کمرہ ہی تو بدلنا ہے آیت کا اور یقین رکھیں میں آپ کی بیٹی پر زندگی میں کبھی بھی ایک انچ بھی نہیں انے دوں گا۔۔۔اور ویسے بھی میں اپنی پیاری سے چچی کو یوں دکھی نہیں دیکھ سکتا۔۔۔تو آپ بھی سارے غم بھول کر تیاریاں شروع کریں"

عالم شاہ نے محبت سے کہا تو نائلہ شاہ بھی نم انکھوں سے مسکرا دیں۔

مجھے پتہ ہے میرا بیٹا بہت اچھا ہے اور جانتی ہوں تم سے بڑھ کر آیت کا کوئی خیال نہیں رکھا سکتا بس یونہی اُس کی رخصتی کا سن کر دل بھر آیا لیکن تم پریشان نا ہو ہم کل سے ہی تیاریاں شروع کریں گے ، ویسے اب کوئی تاریخ بھی رکھ لیتے ہیں"

نائلہ شاہ نے اُس کی گال پر ہاتھ رکھ کر کہا تو بی جان بولیں۔

ٹھیک ہے تو میرے خیال سے اسی مہینے کی پچیس کو مہندی رکھ لیتے ہیں"

"۔۔۔جیسا کے آج دس تاریخ ہے تو کل سے آیت کو مایوں بھی بٹھا دو

بی جان نے حمتی لہجے میں کہا تو سب مسکرا کر اپنے اپنے کمروں کی طرف بڑھ گئے۔

♥♥♥

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

آیت صبح نماز پڑھ کر دوبارہ سو گئی تھی۔ابھی بھی وہ سوئی ہوئی تھی کے نائلہ شاہ نے اُس کے کمرے میں آکر کھڑکی سے پردے ہٹائے تو سورج کی کرنیں اُس کی آنکھوں پر پڑیں۔آیت نے الجھن سے آنکھیں کھولیں لیکن اپنے بیڈ پر نائلہ شاہ کو بیٹھے دیکھ وہ بھی اٹھ بیٹھی۔

نائلہ شاہ جو اُسے دیکھ کر مسکرا رہی تھیں اُسے اٹھتا دیکھ اُس کے پاس جا بیٹھیں اور اُس کے چہرے پر پیار کیا۔

"پچیس کو تمہاری مہندی رکھ دی ہے ہم نے"

اُنھوں نے عام سے لہجے میں اُسے آگاہ کیا تو آیت کی نظریں حیرت سے پھٹ پڑیں۔

"ماما آپ۔۔۔آپ مذاق کر رہی ہیں نا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

آیت نے معصومیت سے کہا تو اُنھوں نے سنجیدگی سے نفی میں سے ہلایا۔

نہیں میری جان میں ہرگز مذاق نہیں کر رہی۔۔۔رات کو ہی بی جان نے ہم سے بات کی ہے تو عالم نے بھی آج سے تیاریاں شروع کرنے کا کہا ہے۔۔۔آج سے "تم مایوں بیٹھو گی

اُن کی بات پر آیت اُن کے سینے سے لگتی پھوٹ کر رو دی۔

لیکن ماما---مم---میں ابھی--کہیں---نہیں---جانا"

"چاہتی--مجھے----اپنے--روم میں---آپ کے ساتھ--ر-رہنا ہے

وہ ہچکیوں سے روتی ہوئی بولی تو انہوں نے اپنے دوپٹے سے اُس کے آنسو پونچھے

جبکہ اُنھوں نے خود کو بھی بڑی مشکل سے سمبھالا۔

آیت کیا ہو گیا ہے بیٹا کسی نہ کسی دن تو آپ نے جانا ہی ہے نہ----اور"

رخصتی کے بعد بھی عالم تو آفیس جایا کرے گا تو آپ اپنے کمرے میں وقت گزار لیا

کرنا---اور عالم تو اتنا اچھا ہے بیٹا دیکھنا آپ دو دنوں میں ہی اُس کے ساتھ سیٹل

"ہو جاؤ گی

نائلہ شاہ نے اُسے سمجھایا۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

"ماما پلیز میں آپ کی ساری باتیں مانتی ہوں نا تو آپ میرے ساتھ ایسا نہیں کریں"

اُسے اس قدر روتا دیکھ نائلہ شاہ تو پریشان ہی ہو گئیں۔

آیت چپ کرو پہلے ہی اتنی مشکل سے ٹھیک ہوئی ہو اب مت رو میری گڑیا پھر "سے طبیعت خراب ہو جائے گی"

نائلہ شاہ نے اُسے خود سے جدا کیا ور اُس کی بھیگی آنکھیں چومتے ہوئے بولیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اُنھوں نے بڑی مشکل سے اُسے سمجھایا بجھایا اور اُسے لے کر باہر نکلیں۔

وہ نیچے آئیں تو سب ناشتے پر ان کا ہی انتظار کر رہے تھے۔

پھر سے روئی ہے۔ o سمن شاہ نے آیت کا ستا چہرہ دیکھا تو سمجھ گئیں و

عالم کیوں نہ ہم سب کچھ دنوں کے لئے شہر والے بنگلے میں شفٹ ہو جائیں بیٹا" یوں شاپنگ کرنے میں آسانی ہوگی۔ اب شادی کے لیے اتنا کچھ لینا ہے تو کیسے روز روز شہر کے چکر لگائیں گے۔"

نائلہ شاہ کی بات پر عالم نے ایک گہری نظر آیت پر ڈالی۔ جو پھر سے رونے کی تیاری کر رہی تھی۔

"چچی جیسا آپ لوگوں کو بہتر لگے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اُس نے سنجیدگی سے جواب دیا تو آیت نے اپنا کب سے جھکا سر اٹھایا۔

"میں وہاں نہیں جاؤں گی۔۔۔آپ لوگوں کو جانا ہے تو بیشک چلے جائیں میں اکیلی یہیں رہ لوں گی"

آیت چیختے ہوئے بولی تو سب نے حیرانگی سے اُس کی طرف دیکھا۔

نائلہ ہو کیا گیا ہے اسے---- عجیب چڑ چڑاپن آگیا ہے اس کے مزاج میں بات"

"بات پر رونا چلانا----ایسی تو نہیں تھی ہے

بی جان ذرا غصے سے بولیں تو سمن شاہ نے اُنہیں خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔

جبکہ آیت اب دونوں ہاتھوں میں چہرہ چھپائے رو رہی تھی۔

مجھے---نن---نہیں---جانا--ک--کہیں---نہیں---کرنی---م---مجھے--"

--ابھی۔شادی---کیوں۔آپ----لوگ

"---میرے پیچھے--پڑ---گئے۔ہیں---کہاں۔پھنس۔--گئی--ہوں--میں

وہ کرسی دھکیلتی کھڑی ہوتی چلائی تو عالم شاہ بھی غصے سے اٹھا۔

یہ تماشا کیا لگا رکھا ہے تم نے ہاں-----ہر بات پر بدتمیزی ہر بات پر"

ڈھٹائی---تم کوئی پہلی لڑکی نہیں ہو جس کی شادی ہو رہی ہے---لڑکیاں تو

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

شادی کر کے غیر ملک بھی چلی جائیں تو بھی اتنا شور نہیں کرتیں جتنا شور تم صرف ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں جانے پر کر رہی ہو۔۔۔ اب تمہارے منہ سے ایک لفظ بھی نکلا تو زبان گدی سے کھینچ لوں گا۔۔۔۔۔۔بی جان کسی تیاری کی ضرورت نہیں ہے مجھے ابھی اور اسی وقت اس کی رخصتی چاہیے۔۔۔بہت پر نکل آئے ہیں نہ اس کے تو بہتر ہے ابھی کاٹ دوں"

وہ اتنی زور سے بولا تھا کے سب کو اپنے کانوں کے پردے پھٹتے ہوئے محسوس ہوئے۔ جبکہ آیت اُس کی آخری بات پر بے بسی سے رونے لگی۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

آخر سمن شاہ نے آگے بڑھ کر اسے کرسی پر بیٹھایا اور جھک کر اُسے پیار کیا۔ وہ اس وقت شدت سے روتی کوئی ذہنی مریض ہی لگ رہی تھی۔۔۔لیکن عالم شاہ پر اُس کی حالت کا بھی کوئی اثر نہ ہوا۔

"ماما چھوڑیں آپ اسے اس کے ڈرامے تو چلتے ہی رہیں گے"

عالم شاہ نے اگے بڑھ کر اُسے بازوؤں میں اٹھایا اور سمن شاہ کو کہتے ساتھ ہی روتی، مزاحمت کرتی آیت کو لے کر اوپر اپنے کمرے کی جانب بڑھا۔

پیچھے وہ چاروں ارے ارے ہی کرتی رہ گئیں۔

نائلہ شاہ سے تو آیت کی حالت ہی نہیں دیکھی جا رہی تھی لیکن وہ فلحال خاموش رہی تھیں کیونکہ اُنہیں بھی کوئی اور حل نہیں دکھ رہا تھا۔ وہ جانتی تھیں عالم اُس سے بہت محبت کرتا ہے اُسے تکلیف بھی دیگا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

♥♥♥

اردو ناول اور سٹوریز کی سب سے بڑی ویب سائٹ
www.urdunovelbank.com



Urdu Novel Bank website
جہاں ملے آپ کو نئے اور اچھے معیاری ناول تمام کیٹگری میں۔۔۔
گوگل پر ٹائپ کریں
Urdu Novel Bank
اور ویب سائٹ سے ڈاؤنلوڈ کریں ہزاروں مکمل ناول مفت میں

عالم شاہ نے اُسے اپنے کمرے میں لا کر بیڈ پر پٹخا۔ واپس مڑ کر دروازہ لوک کیا۔

آیت روتی ہوئی تکیے میں منہ چھپا گئی۔مگر عالم اُسے اُس کے حال پر چھوڑتا الماری سے اپنے کپڑے لیتا واشروم میں گھس گیا۔

وہ شاور لیتا شرٹ لیس باہر آیا۔ آیت کو ابھی تک روتا دیکھ وہ اس کی طرف بڑھا۔

عالم بیڈ پر اُس کے پاس لیٹا اور ایک ہاتھ بڑھا کر اُسے اپنی جانب کھینچ لیا۔

"ایم سوری فور ایوری تھنگ مائی لو"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

وہ اُسے خود میں چھپاتا محبت سے چور لہجے میں بولا۔ لیکن آیت نے اُسے خود سے الگ کرنے کی کوشش کی تو عالم شاہ نے مسکرا کر اپنی گرفت تنگ کی۔

"اب سوری کا کیا فائدہ اب تو آپ نے جو کرنا تھا کر لیا عالم شاہ۔۔۔آپ نے مجھے برباد کر دیا ہے عالم میرے پاس کچھ نہیں چھوڑا آپ نے۔۔۔"

وہ مزاحمت کرتی ہوئی بے بسی سے چیخی تو عالم شاہ نے اُسے سختی سے جکڑا۔

آں ہاں۔۔۔میری آیت پر اتنا غصّہ سوٹ نہیں کرتا یار۔۔۔ویسے آج میرا لڑائی کر" کے اپنی اسپیشل مومینٹس کو ضائع کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔۔۔تو تم بھی یہ "فضول کے گلے شکوے چھوڑو اور میرا ساتھ دو۔۔

عالم شاہ نے اُس کے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا تو آیت نے ناراضگی و بے بسی سے اسے دیکھا۔

آپ ایسا کچھ نہیں کریں گے۔۔اگر آج بھی آپ نے میری بات نہ مانی تو سچ میں" "میں آپ سے کبھی بات نہیں کروں گی

آیت نے اُسے اپنی دھمکی سے ڈرانا چاہا تو عالم شاہ نے قہقہہ لگایا۔

"جاناں بعد کی بعد میں دیکھی جائے گی فلحال تم واقعی مجھ سے کوئی بات نا کرو"

عالم شاہ نے اُسے تنگ کرتے ہوئے کہا۔ تو آیت نے برا سا منہ بنایا۔

دیکھیں میں کتنی اچھی ہوں آپ کے اتنا ڈانٹنے کے باوجود بھی آپ سے ناراضگی" "ختم کر چکی ہوں۔۔۔ لیکن ایک آپ ہیں جو کبھی میری کوئی بات نہیں مانتے

وہ دکھی لہجے میں بولی لیکن عالم شاہ نے بغیر کوئی جواب دیئے اس پر جھک گیا۔

اُس نے آیت کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لاک کیا۔

آیت نے رحم طلب نظروں سے اُس کی آنکھوں میں دیکھا لیکن وہ عالم شاہ اب اُس کی خوبصورتی میں بہکا ہوا عالم شاہ لگ رہا تھا۔ اُس کی جذبے لٹاتی نظروں سے گھبرا کر آیت نے اپنی آنکھیں جھکا لیں۔ عالم شاہ اُس کی حرکت پر مسکرایا پھر اُس کی آنکھوں کو لبوں سے چوما۔۔۔اور آہستہ آہستہ نیچے کی طرف بڑھنے لگا۔ آج اُس کے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

لمس میں نرمی تھی جسے محسوس کر کے آیت نے بھی اپنی بے ضرر سی مزاحمت ترک کرتے اسے اپنا آپ سونپ دیا۔

عالم شاہ نے اُس کے نازک وجود کو خود میں سمیٹ لیا اور آہستہ آہستہ اُسے اپنی محبت کی بارش میں بھگونے لگا۔

آخر جب صبح کے ساڑھے پانچ بجے تو آیت نے نیند سے بند ہوتی آنکھوں سے اُسے دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"عالم پلیز بس کریں نہ مجھے سونا بھی ہے پلیز"

اُس نے بیچارگی سے عالم شاہ کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے کہا

عالم بھی اسے رونے کی تیاری کرتے دیکھ اُس پر رحم کھاتا ایک طرف لیٹ گیا اور اُسے بھی اپنی بانہیں میں بھر لیا۔

آیت شرمائی لجائی سے اُس کے سینے میں چہرہ چھپا گئی۔ عالم نے اُس کی پیشانی پر اپنی مہر ثبت کرتے دونوں پر کمبل ٹھیک کیا اور مطمئین ہوتا انکھیں موند گیا۔ آخر کار اُس نے اپنی محبت سے آیت کو ناراضگی بھلا ہی دی تھی۔

صبح دس بجے عالم کی آنکھ کھلی تو اُس نے چاہت سے آیت کی طرف دیکھا۔ جو ایک ہاتھ چہرے کے نیچے رکھے اُس کی طرف کروٹ لیے ہوئے گہری نیند میں سوئی ہوئی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آیت میری جان اٹھو نیچے چلیں"

عالم شاہ نے اُس کی گال تھپتھپاتے ہوئے کہا تو آیت نے کسمسا کر آنکھیں کھول کر اُسے دیکھا۔

"سونے دیں نا تھوڑی دیر۔۔۔۔مجھے ابھی بہت نیند ائی ہے"

وہ التجایہ لہجے میں بولی تو عالم شاہ نے مسکرا کر اُس کی طرف دیکھا۔

میرے آفیس جانے کے بعد اپنی نیند پوری کر لینا آیت۔۔۔چلو شاباش ابھی"

"اٹھو۔۔ نیچے سب انتظار کر رہے ہوں گے نا میری زندگی

عالم نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا تو آیت نے شرما کر اُسے دیکھا۔

"پہلے آپ باہر نکلیں گے کمرے سے پھر ہی میں واشروم جا سکوں گی نا"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ اپنی حالت کے پیشِ نظر بولی تو عالم شاہ نے معنی خیزی سے اُس کے وجود کو گہری نظروں سے دیکھا۔

"اچھا ایک کس کرو پھر ہی جاؤں گا"

وہ سنجیدہ ہوتا بولا تو آیت نے حیران کن نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔

"یہ کیا بات ہوئی بھلا۔۔۔میں ہرگز ایسا کچھ نہیں کر رہی"

وہ بوکھلائے ہوئے بولی تو عالم شاہ نے اسی گھورا۔ ابھی وہ کچھ کہتا کے کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ عالم نے پیچھے ہوتے دروازے کی طرف دیکھا۔

"کون"

"عالم بیٹا میں ہوں۔۔۔"

سمن شاہ نے کہا تو عالم نے آیت کو واشروم جانے کہ اشارہ کیا اور خود شرٹ لیس ہی جا کر دروازہ کھولا۔ سمن شاہ اسی بغیر شرٹ کے دیکھ کر سارا معاملہ سمجھ کر مسکرائیں۔

"آیت کہاں ہے؟ طبیعت تو ٹھیک ہے نہ اسکی"

اُن کے سوال پر عالم نے اُن کی طرف دیکھا۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

"جی ماما وہ ٹھیک ہے بلکل اور ابھی واشروم گئی ہے شاور لینے"

عالم شاہ نے سنجیدگی سے جواب دیا تو سمن شاہ اُسے ناشتے پر انے کا کہتیں نیچے چلی گئیں۔

وہ لوگ کب سے اُن کا انتظار کر رہی تھیں۔ آخر بی جان نے تنگ آکر دوبارہ ملازمہ کو اُنہیں بلانے بھیجا ہی تھا کہ وہ دونوں نیچے اترتے دکھے۔ عالم شاہ کے پہلو میں شرمائی سی آیت چہرہ جھکا کر اُن کی طرف ہی آرہی تھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ قریب ائی اور سب سے مل کر نائلہ کی ساتھ والی کرسی پر بیٹھنے ہی لگی تھی کہ عالم نے اُس کا ہاتھ تھام کے اپنے ساتھ بیٹھایا۔ تو وہ شرم سے سرخ پڑتی نظریں زمین پر جما گئی۔ اُس کا یوں شرمانا ، ہچکچانہ سب پر صاف ظاہر کر رہا تھا

کے اُن کے بیچ سب ٹھیک ہے۔ آیت نے بیٹھتے ساتھ ہی سب سے اپنے رویے کی معافی مانگی تھی۔ سب نے خوشدلی سے اُسے معاف کر دیا اور ہلکی پھلکی باتیں کرتے ناشتہ کرنے لگے۔

♥♥♥

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دو ماہ بعد-----

صبح عالم کی آنکھ کھلی تو آیت اُس کے پہلو میں نہیں تھی۔ عالم بھی اُسے موجود نہ پا کر اٹھ بیٹھا۔ تبھی اُس کی نظر واشروم کے کھلے دروازے پر پڑی۔ سامنے ہی آیت

بیسن پر جھکی وومٹ کر رہی تھی۔ عالم شاہ اُس کی حالت دیکھتا تیزی سے واشروم کی طرف گیا۔ آیت نے منہ تولیہ سے پونچھا اور پیچھے مڑی ہی تھی کے اُسے زور دار چکر آیا وہ چیخ مارتی ہوئی نیچے گرنے ہی لگی تھی کے عالم شاہ نے تیزی سے آگے بڑھ کر اُسے اپنی بانہوں میں تھاما۔

"کیا ہو گیا ہے میری جان۔۔۔۔آرام سے"

ابھی وہ مزید کچھ کہتا کے آیت اُس کے سینے پر سر ٹیکاتی پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عا۔۔۔۔عالم۔۔۔م۔۔۔میں۔۔صبح۔۔۔۔س۔۔۔۔سے۔۔وومٹ کر

"رہی۔۔ہ۔۔ہوں۔۔۔ا۔۔اور۔۔م۔مجھے۔۔۔چکر۔۔۔بھی۔۔۔آ۔۔رہے۔۔ہیں

اُس نے روتے ہوئے اسے اپنی حالت کے بارے میں بتایا۔

عالم شاہ اُسے بانہوں میں اٹھا کر صوفے پر لایا۔

"شش۔۔چپ میری جان بس۔۔۔اٹھو میں تمہیں ڈاکٹر کے پاس لے جاؤں"

عالم فکرمندی سے بولا مگر آیت نے روتے ہوئی نفی میں سے ہلایا۔

م۔۔۔مجھے۔۔ڈ۔۔ڈاکٹر۔۔۔پاس۔۔۔ن۔۔نہیں۔جانا۔۔مجھے۔۔۔ڈر۔۔لگ۔لگتا۔ہ"
ے"

اُس کی بات پر عالم نے افسوس سے اُسے دیکھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

پھر نائلہ شاہ کو کال کر کے اُس کی حالت کا بتاتے اوپر بلایا تو وہ سب جلدی سے اُن کے روم میں داخل ہوئیں۔

سمن شاہ اور نائلہ شاہ آیت کو روتا دیکھ اُسے چپ کروانے لگیں۔ تبھی عالم نے ڈرائیور کو کال ملائی۔

"عامر جلدی سے قریبی ہسپتال سے کسی لیڈی ڈاکٹر کو لے آؤ فوراً"

اُس نے فون ٹیبل پر رکھ کے آیت پر نظر ڈالی۔ تو اُس نے شکوہ کناہ نظروں سے عالم کو دیکھا۔۔۔عالم نے اُسے ایک گھوری سے نوازا۔ ابھی آیت نے کچھ کہنے کے لیے لب کھولے ہی تھے کہ اُس کا جی متلایا تو وہ فوراً اٹھ کر دوبارہ واشروم میں بھاگی۔بی جان کو تو اُس کی حالت صاف سمجھ آ رہی تھی لیکن ابھی خاموش رہیں۔

کچھ ہی دیر میں ملازمہ ڈاکٹر کو لائی تو اُنھوں نے ان سب کو باہر جانے کا کہا اور خود اُس کا تفصیلی چیک اپ کیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

دس منٹ بعد ڈاکٹر باہر نکلیں اور اُن سب کو بے چینی سے کھڑے دیکھ مسکرائیں۔

آپ سب کو مبارک ہو۔۔۔آیت پریگننٹ ہیں میں نے کچھ دوائیں لکھ دی ہیں" کچھ دن دیتے رہیں یوں انہیں پریگنینسی میں زیادہ مسلہ نہیں ہوگا۔۔۔۔۔۔۔شکریہ

"اب میں چلتی ہوں

ڈاکٹر تو عالم کے ہاتھ میں پرچی پکڑاتی چلی گئیں۔پیچھے وہ سب آیت کے پاس آ گئیں تو عالم بھی اپنے کمرے میں آیا۔ جہاں آیت اب بھی لا علم پڑی تھی۔

"کیا کہا ڈاکٹر نے"

آیت نے پریشانی سے سوال کیا تو عروش بھاگ کر اُس کے گلے لگی۔ جبکہ عالم شاہ خاموشی سے صوفے پر بیٹھ گیا۔

"تھینک یو آیت یار تم مجھے اتنی جلدی پھپھو بنانے والی ہو"

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

اُس نے محبت سے کہا تو آیت کو حیرت سے اچھو لگا۔۔۔نائلہ شاہ نے آگے بڑھ کر اُس کی پیٹھ سہلائی۔

"کک ۔۔۔کیا مطلب ہے تمہاری بات کا"

آیت نے نہ سمجھی سے دوبارہ پوچھا تو اس دفعہ بی جان خوشی سے اُس سے مخاطب ہوئیں۔

"آیت میری بچی اللہ کے کرم سے تم اُمید سے ہو"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بی جان کی بات پر آیت کو ڈھیروں شرم نے آن گھیرا وہ دھیما سے مسکراتی ہوئی سر جھکا گئی۔ جبکہ چہرہ گلاب کی طرح کھل اٹھا تھا۔

عالم شاہ تو اس منظر پر ایک بار پھر سے دل ہار بیٹھا۔ باقی سب بھی اُسے شرماتے دیکھ اُسے پیار کرتیں۔۔ دعائیں دیتیں باہر نکلیں تو آیت کا دل کیا اُن کے ساتھ

بھاگ نکلے۔ لیکن عالم شاہ کو اپنی طرف بڑھتا دیکھ وہ جلدی سے خود کو کمبل میں چھپا گئی۔

عالم شاہ اُس کی معصومانہ حرکت پر دل سے مسکرایا اور آگے بڑھ کر اُس سے کمبل کھینچ کر الگ کیا۔ تو آیت آنکھیں سختی سے بھینچ گئی۔

آنکھیں کھولو آیت میں تمہاری آنکھوں میں وہ خوشی کے رنگ دیکھنا چاہتا ہوں جو" "اس وقت تم چھپا رہی ہو

وہ سنجیدہ سا بولا تو آیت نے آنکھیں کھول کر اُسے دیکھا۔ لیکن شرم کی وجہ سے آنکھیں جھکا گئی تو عالم نے جھک کر اس کی آنکھیں چومی۔۔ پھر اُس کے دونوں رخساروں پر ڈانت گاڑھے اور نرمی سے اُس کے لب چھو کر پیچھے ہوا تو آیت شرما کر چہرہ ہاتھوں میں چھپا گئی۔

"کیا ک---کر رہے--ہیں--عالم"

آیت بمشکل بولی تو عالم شاہ نے اُسے سنجیدگی سے دیکھا۔

اب میری کچھ باتیں کان کھول کر سن لو آئندہ تم نہ اچھلو کودو گی نہ ہی تیزی"
سے سٹیرز اُترو گی ، اپنا بہت خیال رکھو گی---اور کسی بھی وقت کا کھانا تو ہرگز
"سکپ نہیں کرنا تم نے---نہیں تو مجھے تو تم جانتی ہی ہو

عالم شاہ نے سختی سے اُسے نصیحتیں کیں تو آیت نے جلدی سے اثبات میں سر ہلایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"لیکن آپ بھی پرومس کریں آئندہ مجھے بلاوجہ سب کے سامنے نہیں ڈانٹیں گے"

آیت نے تیزی سے اپنی شرط بتائی تو عالم بھی مسکرا دیا۔

ہمم میں بھی تمہیں بلاوجہ نہیں ڈانٹوں گا لیکن اگر تم نے دوبارہ سے کوئی غلطی"

"کی تو پھر مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا

عالم نے اُسے تنبیہہ کرتے ہوئے کہا اور اُس کا ہاتھ پکڑ کر بیڈ سے اٹھایا۔

"چلو کچھ دیر نیچے بیٹھ جاؤ سب کے ساتھ"

عالم نے اُسے سہارا دیا اور دونوں نیچے آئے۔

بی جان تو ملازمین سے مٹھائیاں بٹوانے کے مطلق بات کر رہی تھیں۔ عروش شاید اپنے روم میں تھی جبکہ سمن شاہ نائلہ شاہ سے صوفے پر بیٹھیں باتیں کر رہی تھیں۔ اُن دونوں کو آتا دیکھ مسکرائیں۔ تو آیت بھی آرام سے چلتی ہوئی اُن کے درمیان جا بیٹھی۔

"اب طبیعت کیسی ہے میری بیٹی کی"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سمن شاہ نے پیار سے اُسے دیکھ کر کہا۔

"تائی اب بہتر ہوں۔۔۔اُس کے بعد وومٹ بھی نہیں ہوئی"

اُس نے اُنھیں تسلی سے بتایا تبھی سمن شاہ کچھ یاد آنے پر عالم کی جانب مڑیں جو دوسرے صوفے پر سیل کان سے لگائے بیٹھا کسی سے بات کر رہا تھا۔ اُس کی کال ختم ہوتے ہی سمن شاہ نے اُسے مخاطب کیا۔

عالم بیٹا زرار کچھ دنوں کے لیے حویلی آرہا ہے۔۔۔ شائستہ کا دل ہے کے وہ بھی" اب بزنس سنبھالے تو میں نے کہہ دیا اُسے یہاں بھیج دو عالم اُسے کچھ دن اپنے ساتھ لے جائے گا آفس تو وہ بھی بزنس سے واقف ہو جائے گا۔۔۔اسی لیے "شام کو پہنچ رہا ہے

سمن شاہ نے اپنے بھانجے اور بہن کا ذکر کیا جو ساہیوال قائم پزیر تھے۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

ماما کیا ضرورت تھی ----۔ آپ کو پتہ بھی ہے میری مصروفیات کا---اور زرار تو"

"مجھے پہلے ہی نہیں پسند

عالم نے کوفت سے کہا تو سمن شاہ نے اُسے گھورا۔

کیوں نہیں پسند وہ آپ کو؟...عالم بیٹا وہ آ رہا ہے نا اب تو آپ بھی اُس کا خیال"

"رکھنا بچہ پہلی دفعہ حویلی آ رہا ہے

سمن شاہ نے اُسے سمجھایا تو عالم اثبات میں سر ہلاتا اٹھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

" جی بہتر میں ارحم سے کہہ دیتا ہوں وہ مردان خانے میں کمرہ سیٹ کروا دے"

عالم کی بات پر سمن شاہ نے اُسے روکا۔

عالم کیا ہو گیا ہے آپ کو زرار گھر کا بچہ ہے وہ کیوں رہنے لگا مردان خانے اور"

"ویسے بھی میں نے حویلی میں ہی اُس کا کمرہ سیٹ کروا دیا ہے

عالم کو اچانک غصّہ آیا۔

وہ کیسے رہ سکتا ہے حویلی---آپ کے علاوہ وہ یہاں سب کے لیے غیر محرم"

"ہے---تو بہتر ہے وہ مردان خانے میں ہی رہے---

عالم سختی سے بولا تو بی جان اُس کی طرف متوجہ ہوئیں۔

کیسی باتیں کے رہے ہو تم عالم کیا ہو گیا جو بچہ کچھ دونوں کے لیے حویلی رہ لے"

"وہ کوئی غیر تو نہیں ہے----اب میں تمہیں یہ بات کرتے نہ سنوں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

بی جان نے اُسے ٹوکا تو عالم کب سے خاموش بیٹھی آیت کی دیکھتا مزید برہم ہوا۔

چلیں جو دل میں ائے آپ لوگ وہی کریں میری تو یہاں سننی کسی نے نہیں"

ہے نہ-----لیکن تم اُس سے پردہ کروگی---اگر اُس نے تمہارا چہرہ ایک دفع بھی

دیکھا نہ تو اُس کی آنکھیں نکالنے سے پہلے تمہارا چہرہ تن سے اکھاڑ دوں گا۔۔تو خیال رکھنا"

وہ آخر میں آیت پر چلایا تو آیت نے خوفزدہ نظروں سے اُسے دیکھا۔ ابھی کچھ دیر پہلے اُس نے وعدہ کیا تھا وہ آیت کو بلاوجہ نہیں ڈانٹے گا لیکن اُس نے باہر آتے ہی اپنا وعدہ توڑ دیا تھا۔

"جّ۔۔جی۔۔۔مم۔۔میں۔۔خیال۔۔رکھوں۔۔گی"

اُس نے گھبرا کے جواب دیا اور پاس بیٹھی نائلہ شاہ کے کندھے میں چہرہ چھپایا۔ جبکہ آنکھیں آنسوؤں سے بھر چکی تھیں۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

عالم شاہ غصے سے اُسے یونہی چھوڑتا باہر نکلا تھا۔۔۔ اُس کے باہر جاتے ہی آیت نے کب کی روکی ہوئی سسکی لی تو سمن شاہ نے دکھ سے اُسے دیکھا جس بیچاری پر عالم شاہ نے اپنا غصّہ نکالا تھا۔۔۔

آیت کچھ نہیں ہوتا بیٹا خود کو تھوڑا مضبوط کرو ۔۔۔ شوہر تو بیویوں کو ڈانٹ دیا" کرتے ہیں لیکن اس طرح رویا تو نہیں جاتا نہ میری جان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چلو اپنا نہیں تو اپنے وجود میں پلتی اُس چھوٹی سی "جان کا ہی سوچ لو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نائلہ شاہ نے اُسے احساس دلایا تو آیت نے دوبارہ سے سسکی لی۔

مم۔۔ماما۔۔۔وہ۔۔ہمیشہ۔۔۔۔میرے۔۔ساتھ۔۔ایسا۔کیوں۔۔کر۔۔کرتے۔۔ہیں۔"

"۔آج۔تو۔۔میں۔ن۔۔نے۔۔کچھ۔کیا۔۔۔بھی۔نہ۔۔۔نہیں۔۔نا

وہ روتی ہوئی بولی تو سمن شاہ نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔

آیت بس اب میں تمہیں روتا نہ دیکھوں یہ کیا بات ہوئی بھلا یوں تم روتی رہی تو" بچے پر اثر ہو گا۔۔۔ اور عالم کو انے دو میں اُس سے بات کرتی ہوں میری بیٹی سے "آرام سے بات کیا کرے

سمن شاہ نے اُسے تسلی دی اور کچن میں اُس کے لیے جوس لینے گئیں۔ پیچھے نائلہ شاہ اور بی جان نے اُسے سمبھالا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

♥♥♥

اُسے عروش ابھی کچھ دیر پہلے کمرے میں چھوڑ گئی تھی۔ جبکہ اُس کی زد تھی اُسے اپنے پرانے کمرے میں جانا ہے۔ لیکن نائلہ شاہ نے اُسے ہلکا سا ڈانٹا تھا کے تھوڑی سی بات پر اتنا تماشا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے تو وہ بھی انسو بہاتی کمرے میں آگئی تھی۔ بیشک عالم شاہ نے اُسے صرف ایک بات کہی تھی لیکن وہ اُس کا لہجہ سوچ کے دکھی ہو رہی تھی۔ آج تو اُس کی کوئی غلطی نہیں تھی عالم نے یونہی اسے ڈانٹ دیا تھا۔ آیت کو لگا تھا اُس نے آج اُسے اتنی بڑی خوشی دی ہے تو اب وہ اسے کچھ نہیں کہے گا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابھی وہ سوچوں میں گم تھی کہ دروازہ کھلا اور وہ سنجیدہ سا چہرہ لیے اندر داخل ہوا۔ آیت کو ایگنور کیے وہ الماری کی طرف گیا اور اپنی کوئی فائل ڈھونڈنے لگا۔۔ آیت جسے لگا تھا وہ اسے منانے آیا ہے اُس کی حرکت پر بے آواز رونے لگی۔

عالم جانتا تھا اُسے آیت سے یوں بات نہیں کرنی چاہیے تھی وہ بھی اس حالت میں تو ہرگز نہیں۔وہ یہی بات اُسے ارّام سے بھی سمجھا سکتا تھا لیکن اُس نے اپنا غصّہ بھی تو کسی پر نکالنا تھا نا۔

مگر اب آیت کو پھر سے روتا دیکھ وہ فائل کو ترک کرتا اُس کی جانب آیا۔

آہستہ سے اُس کے پاس بیٹھ کر اُسے اپنے سینے میں بھینچا۔ تو آیت خاموش ہوتی اُسے خود سے دور کرنے کی کوشش کرنے لگی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عالم نے اُس کی آنکھیں صاف کیں۔

ایم سوری ----میں تمہیں ڈانٹنا نہیں چاہتا تھا آیت--بس پتہ نہیں کیوں غصّہ "آیا تو تم پر نکال دیا---ایم ریلی سوری میری جان"

عالم نے بوجھل لہجے میں کہا تو آیت بھی اُس کی فکر دیکھتی پچھلی بات بھول گئی۔

اچھا نا اب آپ یوں بھی مت کہیں۔۔۔لیکن آج مجھے بہت برا لگا عالم آپ نے "

مجھے کیوں ڈانٹا"

آیت کی بات پر عالم نے سنجیدگی سے اُسے خود سے الگ کیا۔

مجھے یوں زرار کا یہاں رہنا مناسب نہیں لگ رہا۔۔۔جو بھی ہو وہ تمہارے لیئے غیر"

ہے تو تم اُس کے سامنے ہرگز نہیں جاؤ گی اور اگر جانا بھی پڑا تو چہرہ ڈھانپ کر

جانا۔۔۔میں نہیں چاہتا کوئی بھی میری بیوی کو دیکھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔خیر یہ بتاؤ میرا

"بے بی تنگ نہیں کر رہا میری معصوم سے جان کو

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عالم شاہ نے پہلے اُسے سنجیدگی سے سمجھایا لیکن پھر شرارت سے اُس کے پیٹ پر

ہاتھ رکھتے ہوئے آخری بات کی تو آیت شرما دی۔

"صرف آپ کا نہیں یہ میرا بھی تو بے بی ہے نا"

آیت نے ناراضگی سے منہ پھلا کر کہا تو عالم شاہ کو اس پہ شدت سے پیار آیا۔

ہمم ہے تو تمہارا بھی لیکن اسے لانے میں محنت تو ساری میں نے کی ہے آیت"

"عالم شاہ۔۔۔ تم نے تو بس رونے میں ہی ٹائم ویسٹ کیا ہے

عالم اُس کی گال پر لب رکھتا بولا تو آیت شرما کر تکیے میں منہ چھپا گئی۔

عالم بھی لیمپ بند کرتا اُس کے پاس لیٹا۔ پاؤں سے کمبل کھینچ کے دونوں پر ٹھیک کیا اور آیت کو اپنی باہنوں میں لیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ویسے تم مجھ سے اتنا ڈرتی کیوں ہو۔۔۔۔ جب بھی غصے سے دیکھوں رونا شروع کر"

"دیتی ہو

عالم نے پیار سے پوچھا۔

مُجھسے آپ کا غصّہ دیکھا نہیں جاتا مجھے ڈر لگتا ہے آپ سے بہت۔۔۔آپ غصے "

"میں سب بھول جاتے ہیں اور مجھے اتنا زیادہ ڈانٹتے بھی ہیں

آیت نے شکوہ کیا تو عالم اُسے مزید خود میں بھینچ گیا۔

میں صرف تمھارے فائدے کے لیے ڈانٹتا ہوں آیت۔۔۔لیکن اب کوشش کروں "

"گا نہ ڈانٹوں۔۔چلو اب خاموش ہو جاؤ اور مجھے میرا کام کرنے دو

عالم نے کہتے ساتھ ہی اُس کے لب اپنے لبوں میں لیے اور اپنے ہاتھ اُس کی کمر

پے لے جاکر اس کی کرتی کی زپ کھولی۔آیت نے اُس کے ہاتھ پکڑنا چاہے لیکن

وہ اب اس کی شرٹ نیچے کھسکاتا اس کے ملائم جسم پر اپنی شدتیں دکھانے لگا۔

آیت کو تکلیف ہوئی تو اُس نے آنکھیں بھینچ لیں۔

پھر عالم شاہ اپنے کام میں مصروف رہا جبکہ آیت سسکیاں بھرتی مزاحمت کرتی رہی کیونکہ آج بھی عالم شاہ کی قربت میں نرمی کی جگہ شدت تھی۔

❤❤❤

آخر شام کے سات بجے عالم نے آیت کو خود سے الگ کیا۔ تو آیت ناراضگی دیکھاتی چہرہ پھیر گئی۔ عالم آنکھیں موند گیا تو آیت بھی سونے کی کوشش کرنے لگی۔

جب عالم کو اُس کی گہری سانسیں محسوس ہوئیں تو اُس نے آنکھیں کھولیں اور آیت کو سیدھا کرکہ لٹایا۔ تبھی اُس کا فون بجنے لگا تو اس نے اٹینڈ کر کے کان سے لگایا۔

ارحم تھا جو اسے زرار کے پہنچ جانے کی اطلاع دے رہا تھا۔ اس نے بات کر کے

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

سیل ایک طرف رکھا اور آیت کے کپڑے اٹھا کر اُسے پہنائے جب اُس کا حلیہ ٹھیک کر لیا تو اُس کا ماتھا چومتا شاور لیتا باہر کی طرف بڑھا۔

وہ لاؤنج میں آیا تو سب زرار سے مل چکے تھے وہ بھی آگے بڑھ کر اُس کے گلے ملا پھر اس کے ساتھ بیٹھ گیا۔

سب ہلکی پھلکی باتیں کرنے لگے۔ زرار نے اُسے آیت کے پریگننٹ ہونے کی مبارک بھی دی۔ زرار آج تک آیت سے نہیں ملا تھا کیونکہ پہلے ہمیشہ سمن شاہ اپنے بچوں کے ساتھ خود ہی اُن کے ہاں جاتی تھیں کبھی وہ یہاں نہیں آئے تھے۔

"اپنی وائف سے نہیں ملواؤ گے مجھے"

وہ مسکرا کر بولا تو عالم شاہ کو غصّہ آیا

نہیں میں اُسے مردوں سے نہیں ملوایا کرتا۔۔۔اور ویسے بھی تم یہاں کام سے آئے ہو نہ کے کسی سے ملنے ملانے۔۔۔تو بہتر ہوگا کل سے میری ساتھ آفیس چلو اور سب کچھ سمجھ کر اپنے بزنس کو سمبھالو"

عالم سختی سے بولا تو سمن شاہ نے اسے گھورا۔

جبکہ زرار اُس کے لہجے پر خاموش رہا۔

سمن شاہ نے اُسے آرام کرنے اُس کے کمرے میں بھیجا اور عالم بھی کسی کام سے باہر نکل گیا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

شام کا وقت تھا عروش اپنے کسی کام میں مصروف تھی جبکہ عالم شاہ بھی ابھی لون میں ننگے پاؤں واک کر رہی تھی کے تبھی o تک آفیس سے نہیں لوٹا تھا۔ و سامنے گیٹ سے زرار لون کی طرف آتا دکھائی دیا۔ آیت نے فوراً اپنا چہرہ دوپٹے کے پلو سے ڈھکا اور اُس سے رخ پھیر کر کھڑی ہو گئی۔ زرار کمینگی سے مسکراتا اُس کی طرف آیا۔

"اف یار بھابھی اتنا بھی کیا شرمانا ذرا ادھر تو دیکھیں میں بھی تو دیکھوں عالم شاہ نے کون سا خزانہ لوٹا ہے"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ بدتمیزی سے بولا تو آیت پیچھے مڑی اور اندر کی طرف بھاگنے ہی لگی تھی کے زرار نے اس کا ہاتھ پکڑا۔ اُسے کھینچ کر اپنے قریب کیا۔ تو آیت خوف سے پھڑپھڑانے لگی۔

"ارے یار اتنی بھی کیا جلدی ہے دیدار تو کراتی جاؤ"

وہ خباثت سے اُسے دیکھتا بولا۔ پھر اچانک اُس کا دوپٹہ کھینچ کر اُس سے الگ کیا تو آیت کا دل کیا زمین پھٹے اور وہ اس میں سما جائے۔

"ز۔۔زرار بھائی یہ کیا کر رہے ہیں آپ پلیز میرا دوپٹہ واپس کریں۔۔۔"

وہ ہمت کرتی بولی جبکہ زرار تو اُس کے خوبصورت چہرے اور سراپے میں کھو چکا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"آج سمجھ آیا خالہ جان امی کو کیوں کہتی تھیں عالم کی بیوی بہت خوبصورت ہے"

وہ کہتا اُس کا بازو چھوڑ کے کمر میں ہاتھ ڈالنے ہی لگا تھا کے اندر سے عروش آیت کو پکارتی باہر ائی۔ وہ جلدی سے اُس سے دور ہوا اور دوپٹہ اس کی طرف اچھالا تو

آیت نے دوپٹہ لے کر خود پر اوڑھا اور عروش کی طرف بڑھی جو پورچ کی سٹیرز اتر کر لون میں آ رہی تھی۔ آیت نے اپنی آنکھیں صاف کیں اور اپنی کپکپاہٹ پر قابو پایا۔

اف آیت تم یہاں تھی اور میں تمہیں ساری حویلی میں ڈھونڈ رہی تھی یہ پکڑو اب"

"ماما کا فون لالہ کب سے کال کر رہے ہیں تم سے کوئی پرسنل بات کرنی ہے شاید

عروش نے آخری بات اُسے چھیڑتے ہوئے کہی اور مسکراتی ہوئی واپس پلٹ گئی

آیت بھی فون تھامتی اُس کے پیچھے بھاگی وہ لاؤنج سے گزر کر اسٹیرز چڑھ ہی رہی تھی کے لاؤنج میں بیٹھی نائلہ شاہ نے اُسے واپس بلایا۔آیت آکر اُن کے پاس صوفے پر بیٹھی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یہ کیا طریقہ ہے آیت تم کم از کم اپنی حالت کا ہی سوچ لو۔۔۔کتنی دفعہ کہا ہے"

کے لڑکیاں اس حال میں نہیں بھاگتیں کوئی بھی نقصان ہی سکتا ہے لیکن

"تمہیں تو سمجھ ہی نہیں آتی نا ہماری

وہ سختی سے بولیں تو آیت انسو چھوپاتی اٹھ کھڑی ہوئی۔

"سوری ماما میں آئندہ خیال رکھوں گی"

آیت کہہ کے اپنے روم میں ائی اُس نے ابھی فون کی طرف دیکھا ہی تھا کے

سکرین پر نظر پڑتے اُس کی جان نکلی۔وہاں چھ منٹ اور کچھ سیکنڈ ہو چکے تھے

کال تو اٹینڈ کیے اُسے تو لگا تھا کے عروش نے کہا ہے خود ہی کال کر لو مگر کال تو

الریڈی چل رہی تھی۔آیت نے لبوں پر زبان پھیرتے موبائل کان سے لگایا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اسلام و علیکم"

وہ خود پر ضبط پاتی ہوئی بولی۔ جبکہ دوسری جانب خاموشی ہی قائم تھی۔ آیت کو دل ہی دل میں خوشی ہوئی کہ شاید اِس نے کچھ نہیں سنا۔

مگر اچانک فون میں اِس کی سخت آواز گونجی۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"کیوں بھاگ رہی تھی تم"

اُس کی تیز آواز پر آیت نے لبوں پر زبان پھیری۔

"میں بس جلدی سے آپ سے بات کرنا چاہ رہی تھی"

آیت نے جھوٹ گھڑا۔ مگر سامنے بھی عالم شاہ تھا۔ اُس کے لہجے سے ہی اُس کا جھوٹ جان گیا۔

آیت مجھے سچ بتاؤ۔۔۔کیوں بھاگ رہی تھی تم کسی نے کچھ کہا ہے کیا میری جان "کو"

عالم فکرمندی سے بولا۔ پتہ نہیں کیوں آج اُس کا دل آیت کی جانب سے گھبرا رہا تھا۔

"نہیں عالم مجھے کسی نے کیوں کچھ کہنا ہے۔۔۔اور میں سچ ہی بول رہی ہُوں"

اُس کی بات پر عالم نے گہرا سانس بھرا۔ خود کو پرسکون کرنے کے بعد وہ اُس سے مخاطب ہوا۔

" طبیعت کیسی ہے"

آیت اُس کی محبت پر آسودگی سے مسکرائی۔

"بلکل ٹھیک ہوں"

آیت نے اُسے تسلی دیتے ہوئے کہا لیکن عالم ابھی بھی مطمئن نہ ہوا۔

"لنچ کیا تھا تم نے"

اب کہ آیت اُس کے سوال پر گڑبگڑائی تھی کیونکہ آج نیند کے باعث وہ دوپہر میں ہی سوگئی تھی تو لنچ مس ہوگیا تھا۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

"نن۔۔نہیں وہ مجھے نیند آگئی تھی تو لنچ نہیں کر سکی"

عالم اچانک بھڑکا تھا۔

دماغ سیٹ ہے تمہارا۔۔۔ کتنی دفعہ سمجھایا ہے کے کسی بھی ٹائم کا کھانا سکیپ"
مت کیا کرو۔۔ تم جانتی بھی ہو تم اتنی ہیلدی نہیں ہو کے اس حالت میں بغیر
"کھانے کے سروایو کر سکو۔۔۔پھر کیوں سوئی تم

عالم کو غُصہ کرتے دیکھ آیت خاموش ہی رہی۔

اب جاؤ شاباش جا کر کچھ ہلکا پھلکا سا کھا لو میں گھر آ جاؤں گا تھوڑی دیر میں پھر "
"سب مل کر کھانا کھائیں گے

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عالم خود پر قابو پاتا پیار سے بولا تو آیت پھر سے مسکرائی اور اُسے اللہ حافظ بول کے
موبائل سائڈ پر رکھا۔

کچھ دیر پہلے کا واقع ذہن میں آیا تو آیت کا دل بھر آیا۔ اُسے یاد آیا کے عالم ہمیشہ
کہتا تھا کہ اُسے نہیں پسند کوئی بھی آیت کی طرف دیکھے بھی۔ مگر آج تو ایک غیر

محرم نے اسے بغیر دوپٹے کے دیکھا تھا اور اسے غلاظت سے چھوا بھی تھا۔ اُس کی بھوکی نظریں یاد کرتے آیت کو اپنا آپ نہ پاک لگا۔۔۔آیت بے ساختہ گھٹنوں میں چہرہ چھپا کر پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی۔ کیسے برداشت کرتی وہ یہ تکلیف۔ کسی کو بتانے سے بھی ڈر لگ رہا تھا۔

جبکہ زرار کا بھی ابھی حویلی سے جانے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔

آیت نے بمشکل خود کو کنٹرول کیا اور اپنی حالت ٹھیک کرتی باہر ائی۔ کیونکہ اب اُسے بھوک سے چکر آرہے تھے۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ابھی وہ کچن کے دروازے پر پہنچی ہی تھی کے اُس کا جی متلایا۔ وہ تیزی لاؤنج کے پاس بنے واشروم میں بھاگی۔ پیچھے وہ سب اُس کی حالت دیکھ کر پریشان

ہوئیں۔ وہ ابھی الٹی کر کہ باہر آکر ڈایننگ پر بیٹھی ہی تھی کے مین دروازے سے عالم شاہ اور زرار لاؤنج میں داخل ہوتے دکھائی دیے۔

آیت زرار کو دیکھتی منہ چھپا گئی اِس کی حرکت پر عالم شاہ کو خوشی ہوئی۔

چلو آیت نے اس کی کوئ بات تو مانی تھی۔ جبکہ وہیں آیت کی حرکت پر زرار کو کوفت ہوئی تھی۔

عالم سب کو سلام کرتا آیت کے پاس بیٹھا۔ نائلہ شاہ نے ملازماؤں کو کھانا لگانے کا اشارہ کیا تو وہ کھانا لگانے لگیں۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

عالم نے ٹیبل کے نیچے سے آیت کا ہاتھ تھام کر سہلانا شروع کیا تو آیت نے گڑبڑاہ کر سب کی طرف دیکھا مگر کسی کو اپنی طرف متوجہ نہ پا کر اپنا ہاتھ کھینچنا چاہا مگر عالم نے اُس کا ہاتھ نہیں چھوڑا اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھانا کھانے لگا۔

"کھانا کیوں نہیں کھا رہی تم"

اُسے یونہی بیٹھا دیکھ عالم اُس کی طرف متوجہ ہوتا آہستہ آواز میں بولا۔

"آپ نے ہی تو کہا تھا کہ انہیں چہرہ نہیں دکھانا تو میں کیسے کھاؤں"

آیت نے لہجے میں دنیا جہاں کی مضلومیت سموتے ہوئے کہا۔

عالم نے اُس کے دوپٹے کا ایک پلو اٹھا کر ایک طرف سے چہرے کے سامنے کر دیا اب زرار اُسے نہیں دیکھ سکتا تھا۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"اب کھاؤ"

عالم نے کہا تو آیت نے پلیٹ میں تھوڑے سے چاول نکالے مگر اُس نے پہلا چمچ ہی لیا تھا کہ اُسے پھر سے وومٹ ہوئی وہ دوبارہ سے واشروم بھاگی۔

عالم پریشانی سے واشروم کی طرف دیکھ رہا تھا۔ اُسے ڈاکٹر نے سختی سے کہا تھا کہ آیت کھانا ہرگز سکیپ مت کرے اُس کی پریگنینسی ارلی ایج ہے تو اُسے خیال رکھنا چاہیے۔ اگر اُس نے کھانا سکیپ کیا تو اسے وومٹس ہوتی رہیں گی اور طبیعت سنبھلنے میں بھی وقت لگے گا۔

آیت کو مسلسل بیسن پر جھکے دیکھ سب کھانا چھوڑ چکے تھے۔

visit for more novels: www.urdunovelbank.com

یہ تھوڑی دیر پہلے بھی وومٹ کر کے ائی ہے۔۔ اب دوبارہ سے پھر کر رہی ہے"

"

سمن شاہ نے عالم کو بتایا تو وہ مزید فکرِمند ہوتا اُس کے پیچھے گیا۔

آیت جو منہ صاف کر کے واپس آ رہی تھی پھر سے چکرائی تو عالم نے اُسے باہوں

میں بھرا۔

"میں اسے روم میں لے جا رہا ہوں آپ کھانا اوپر ہی بھجوا دیں"

عالم نے اُسے اٹھاتے ہوئے کہا تو آیت شرمائی۔

"عالم نیچے اتاریں ناں۔۔۔سب دیکھ رہے ہیں"

آیت دونوں ہاتھ اُس کے کندھوں پر رکھتی چہرہ اُس کی گردن میں چھپاتی ہوئی بولی

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

مگر عالم شاہ اُسے یونہی لیے اوپر آیا۔

کچھ دیر بعد وہ دونوں کھانا کھا کر بیڈ کی طرف ائے۔

آیت اب سمبھل گئی تھی۔

